# کِذب (جھوٹ)

<"xml encoding="UTF-8?>

## کِذب (جھوٹ)

مسئلہ 2273: جھوٹ بولنا حرام ہے اور جھوٹ سے مراد ایسی چیز کے بارے میں خبر دینا ہے جو واقعیت نہ رکھتی ہو، اور جھوٹ کے حرام ہونے میں فرق نہیں ہے کہ زبان سے جھوٹ بولے، یا قلم سے لکھے ، یا اشارے سے سمجھائے اور فرق نہیں ہے کہ جو جھوٹ بول رہا ہے کسی کتاب میں لکھا ہو یا خود اختراع و ایجاد کرے۔

مسئلہ 2274: کلام، کردار یا فرد کی حالت میں یا ...مذاق کے طور پر جھوٹ بولنا اگر مذاق ہونا معلوم نہ ہو تو حرام ہے اور اگر معلوم بھی ہواس طرح سے کہ سامنے والا متوجہ ہوکہ کہنے والا واقعی اور حقیقی قصد نہیں رکھتا تو احتیاط واجب کی بنا پر جائز نہیں ہے؛ لیکن اگر کسی چیز کو مذاق کے طور پر بیان کرے جب کہ کسی امر کی حکایت کرنے اور خبر دینے کا قصد نہ رکھتا ہو تو جھوٹ شمار نہیں ہوگا۔